از دفتر

انسپکٹر جنرل آف پولیس

گلگت بلتستان، گلگت

No. IGP-5(16)/Purchase/ 12-61 /2026 Dated 11th June, 2026

اشتہار برائے ری- ٹینڈر

1. گلگت بلتستان محکمہ پولیس "Gilgit-Baltistan Digital Forensic Lab" منصوبے کے تحت Crime Scene Investigation Unit (Latent Finger Print Lab & Forensic equipment, Hardware, Chemicals & Consumables items) کی اشیاء فراہمی، تنصیب اور کمیشننگ کے لیے رجسٹرڈ اور اہل فرموں سے بولیاں طلب کرتا ہے۔
2. کامیاب بولی دہندہ سامان / آلات / اشیاء کی فراہمی کے ساتھ ساتھ جی بی ڈیجیٹل فورانزک لیب میں مکمل تنصیب جانچ (testing) اور فعال کمیشننگ کا ذمہ دار ہو گا۔
3. اس بولی کے لیے گلگت -بلتستان پی پی آر اے کے ضابطہ 39(b) "Single Stage Two Envelope Procedure" کو اپنایا جائے گا۔
4. ہر بولی کے ساتھ بولی کے لیے زر ضمانت (Bid Security) تین فیصد بولی کی رقم کے حساب سے بینک ڈرافٹ / پے آرڈر کی شکل میں کسی بھی شیڈول بینک سے بنام DIG Police HQ CPO GB لف کرنا لازمی ہو گا۔
5. بولی 30 جون، 2026 کو صبح 11 بجے بند کی جائے گی اور اسی دن صبح 11 بج کر 30 منٹ پر کانفرنس ہال، سنٹرل پولیس آفس گلگت میں بولی دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں کھولی جائے گی، بشرطیکہ ٹینڈر نوٹس کی اخبار اور پیپرا ویب سائٹ (PPRA Website) میں اشاعت کے بعد پندرہ (15) دن مکمل ہو چکے ہوں۔
6. بولی دہندگان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ایک آئٹم کے لیے صرف ایک قیمت پیش کریں، بصورت دیگر ٹینڈر مسترد کر دیا جائے گا۔
7. تمام مشروط بولیاں مسترد کر دی جائیں گی۔
8. دلچسپی رکھنے والی فرمز ٹینڈر دستاویزات (جن میں متعلقہ اشیاء کی معیاری وضاحتیں، تیکنیکی شرائط وضوابط شامل ہیں) ڈیولپمنٹ برانچ سی پی او گلگت سے دفتری اوقات میں فرم کی لیٹر ہیڈ پر تحریری درخواست کے ذریعے، بولی کھولنے کی تاریخ سے ایک دن پہلے تک ٹینڈر فیس مبلغ دس ہزار (10,000) روپے کی ادائیگی کے بعد حاصل کر سکتے ہیں۔
9. ٹینڈر دستاویزات، بذریعہ ڈاک / ٹی سی ایس (TCS) منگوانے کی صورت میں تمام تر اخراجات اور ذمہ داری فرم کی ہو گی۔ ادارہ ھذا پہ کسی قسم کی کوئی ذمہ داری نہیں ہو گی۔
10. بولی کی منظوری پر فرم کنٹریکٹ ایگریمنٹ (contract agreement) کے مطابق منصوبہ مکمل کرنے کا ذمہ دار ہو گا۔
11. ٹھیکیداروں کو محصولات، سفری اخراجات، رائلٹی اور ٹرانسپورٹیشن کے لیے کوئی چارجز نہیں دیے جائیں گے۔
12. ٹینڈر کمیٹی کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ بولی کی دستاویزات میں وضع کردہ شرائط وضوابط اور گلگت -بلتستان پی پی آر اے کے ضابطہ کے مطابق ٹیکنکل / فائنشیل بولی کو قبول یا مسترد کرے۔

(حویرا الحسن) پی ایس پی

اے آئی جی ڈیولپمنٹ

سی پی او گلگت -بلتستان